www.ilmkidunya.com

ڈی جی خان بورڈ 2018ء (دوسرا گروپ)

رول نمبر (ہندسوں میں) ________ رول نمبر (لفظوں میں) ________ دستخط نائب ناظم امتحان: ________

وقت: 2:10 گھنٹے **انشائی طرز (حصہ اول)** کل نمبر: 60

سوال نمبر2: درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

﴿حصہ نظم﴾

(i) قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اس سے سوا تیرا — اک بندہ نافرماں ہے حمد سرا تیرا

(ii) جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر — یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں — جھڑیوں کی مستیوں سے دھومیں مچا رہے ہیں

(iv) ڈالی گئی جو فصل خزاں میں شجر سے ٹوٹ — ممکن نہیں ہری ہو سحاب بہار سے

﴿حصہ غزل﴾

(v) میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز — اُسی خانہ خراب کی سی ہے

(vi) کہوں کیا ہوئی عمر کیونکر بسر — میں جاگا گیا، بخت سویا گیا

(vii) ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار — یا الٰہی! یہ ماجرا کیا ہے

(حصہ دوم)

سوال نمبر3: درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5 ، 5

(الف) تشریف آوری کی خبر مدینے میں پہلے پہنچ چکی تھی۔ تمام شہر ہمہ تن چشم انتظار تھا۔ معصوم بچے فخر اور جوش میں کہتے پھرتے تھے کہ پیغمبر ﷺ آ رہے ہیں۔ لوگ ہر روز تڑکے سے نکل نکل کر شہر کے باہر جمع ہوتے اور دوپہر تک انتظار کر کے حسرت کے ساتھ واپس چلے آتے۔

(ب) جمن شیخ اور الگو چودھری میں بڑا یارانہ تھا۔ ساجھے میں کھیتی باڑی ہوتی، لین دین میں بھی کچھ ساجھا تھا۔ ایک کو دوسرے پر کامل اعتماد تھا۔ جمن جب حج کرنے گئے تھے تو اپنا گھر الگو کو سونپ گئے تھے اور الگو جب باہر جاتے تو جمن پر اپنا گھر چھوڑ دیتے۔

سوال نمبر4: درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) حضرت اسماؓ کون تھیں اور انہوں نے کیا خدمات انجام دیں؟ (ii) الطاف حسین حالی کی کوئی سی دو تصانیف کے نام لکھیے۔

(iii) بیدارا نے سلیم کو جگا کر کیا پیغام دیا؟

(iv) آرام و سکون سبق کے حوالے سے ہمسائے کی کون سی حرکات میاں کے آرام میں خلل ڈالتی تھیں۔

(v) ڈراما البوار قالین میں کیا پیغام دیا گیا ہے؟ (vi) بادِ صبا گھر گھر کیا لیے پھرتی ہے؟

(vii) علامہ اقبالؒ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ (viii) بلبل کو باغباں اور صیاد سے کیا گلہ ہے؟

سوال نمبر5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (ا) ہجرت نبوی ﷺ (ب) ملکی پرندے اور دوسرے جانور 5

سوال نمبر6: نظم "حمد" کا مرکزی خیال/خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

سوال نمبر7: والدہ کے نام خط بیمار پرسی کے لیے لکھیے۔ 10

(یا) ہیلتھ آفیسر صاحب کے نام صفائی کی درخواست لکھیے۔

سوال نمبر8: "دودھ میں پانی" کے عنوان پر ایک کہانی لکھیے۔ 5

(یا) دکان دار اور خریدار کے درمیان مکالمہ لکھیے۔

سوال نمبر9: درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 5

(i) مجھے غلطی کر دی۔ (ii) اس نے کمر کو باندھا اور کام شروع کر دیا۔ (iii) دو جگ، پانچ پلیٹیں اور ایک گلاس ٹوٹ گئے۔

(iv) اچھا لڑکی محنتی ہے۔ (v) لہو لگا کر زخمیوں شامل ہونا۔

یا .... درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) پاؤں بھاری .... (ii) جتنی چادر دیکھیے .... (iii) ماروں گھٹنا ....

(iv) گرتے جو سنبھل .... (v) نو سو چوہے کھا کے ....